بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۲/۲۰۱۸ مورخہ ۲/جنوری ۲۰۱۹

بخدمت = ۱)سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔

۲)سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔

موضوع = قرارداد نمبر ۹ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ ۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۷/ دسمبر ۲۰۱۸ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۹ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، قائد حزب اختلاف بمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے

قرارداد۔

ہرگاہ کہ صوبہ کی اہم قومی شاہراہیں جن میں کوئٹہ تا کراچی، کوئٹہ تا ڈیرہ اسماعیل خان، کوئٹہ براستہ لورالائی تا ڈیرہ غازی خان اور کوئٹہ براستہ سبی تا جیکب آباد شامل ہیں پرآئے روز سپیڈ اور اوورلوڈنگ کے باعث حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں جن کے نتیجے میں ابتک ہزاروں قیمتی جانیں جن میں معلم، ڈاکٹر، انجینئر، تاجر اور عام شہری شامل ہیں ابدی نیند سلا دیئے گئے ہیں جسکی ذمہ داری صرف اور صرف ہائی وے پولیس پر اسلیے عائد ہوتی ہے کہ وہ سپیڈ اور اوورلوڈنگ کو کنٹرول کرنے میں ناکام رہی ہے اس کا واحد حل مذکورہ شاہراہوں کا دورویہ کیا جانا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ صوبہ کی اہم قومی شاہراہیں جن میں کوئٹہ تا کراچی، کوئٹہ تا ڈیرہ اسماعیل خان، کوئٹہ براستہ لورالائی تا ڈیرہ غازی خان اور کوئٹہ براستہ سبی تا جیکب آباد شامل ہیں پر حادثات کی روک تھام کیلئے ہائی وے پولیس کو اس بات کا پابند کرے کہ وہ سپیڈ اور اوورلوڈنگ کرنے والی گاڑیوں کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائے چونکہ حادثات کی روک تھام کا واحد مستقل حل مذکورہ شاہراہوں کا دورویہ کیا جانا ہے اس لیے وہ فوری طور شاہراہوں کو دورویہ کرنے کے سلسلے میں فوری اقدامات اٹھائے تاکہ حادثات کی روک تھام کا مستقل حل ممکن ہو۔

(شمس الدین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) چیف سیکرٹری حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔
۲) پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۳) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۴) سیکرٹری وزارت مواصلات وتعمیرات حکومت پاکستان، اسلام آباد
۵) چیرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی، حکومت پاکستان، اسلام آباد
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ، حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) جنرل مینجر نیشنل ہائی وے اتھارٹی، بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔
۱۱) بخدمت ملک سکندر خان ایڈووکیٹ قائد حزب اختلاف/محرک قرارداد۔

〈قادر بخش شاہوانی〉

نائب معتمد، (سوالات)